Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQ)
گریڈ 3-8 کے نیو یارک ریاست امتحانات لینے والے طلبا
والدینی رہنمائی 2018

2015 کا ہر طالب علم کامیاب ہو کا وفاقی قانون اس تقاضے کو قائم کرتا ہے کہ گریڈ 3-8 کے طلبا سال میں ایک بار فنون انگریزی زبان (***ELA***) اور ریاضی کا امتحان دیں۔ یہ امتحانات اس بات کی پیمائش کرتے ہیں کہ طلبا کتنی اچھی طرح ان تعلیمی معیارات میں مہارت حاصل کر رہے ہیں کلاس روم کی تعلیم کی رہنمائی کرتے ہیں اور یہ یقینی بناتے ہیں کہ طلبا کالج اور جدید ملازمت میں کامیاب ہونے کے لیے درکار تنقیدی سوچ، مسائل حل کرنے اور جواز کی صلاحیتوں کے ساتھ ہائی اسکول سے سندیافتہ ہونے کی راہ پر گامزن ہیں۔

گریڈ 3-8 کے ریاستی امتحان کب ہوں گے؟

ELA امتحان 11-12 اپریل، 2018
ELA تلافی امتحانات: 13 پریل، اور 16-18 اپریل
ریاضی امتحانات: 1-2 مئی، 2018
ریاضی تلافی امتحانات: 3-4 مئی اور 7-9 مئی

گریڈ کی سطح کے مطابق امتحان کا مکمل شیڈول آن لائن اسکولی کیلینڈر کیلنڈر پر دستیاب ہے۔

ریاستی امتحانات کیوں اہم ہیں؟

ریاست کے امتحانات طلبا کی بنیادی تعلیمی پروگرام کا اہم حصہ ہیں۔ طلبا اور اہل خانہ کے لیے اسوقت مستفید ہوتے ہیں جب:

- یہ امتحانات میں طلبا کی پیش رفت کے متعلق تفصیلی معلومات موصول کرتے ہیں جو ان معیارات سے مربوط ہوتے ہیں جن کی ان کو اپنے نصاب میں تکمیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- اسکولوں کے پاس تعین کرنے کے لیے طریق کار ہیں کہ آیا ہر ایک طالب علم کے پاس کالج، طرز معاش اور زندگی کے لیے مستعد ہونے کا ایک جیسا بنیادی علم ہے یا نہیں ہے۔
- اسکولوں کے پاس یہ تعین کرنے کے لیے اعداد شمار ہیں کہ کونسے طلبا یا طلبا کے گروپس پیش رفت کر رہے ہیں، کونسے پیچھے رہ جائیں گے اور ان کو اضافی مدد کی ضرورت ہوگی اور کونسے نشو و نما پا رہے ہیں اور اساتذہ کو کہاں پر اضافی مدد کی ضرورت ہو گی۔

عوامی تشویش کے ردعمل میں امتحان لینے کے لیے دباؤ میں کمی کرنے کے لیے کیا کیا گیا ہے؟

عوامی تشویش کے رد عمل میں نیو یارک ریاست محکمۂ تعلیم نے گریڈز 3-8 کے امتحانات میں متعدد تبدیلیاں کی ہیں بشمول ذیل کے:

- امتحان کی وقت حد کو ختم کر دیا ہے
- امتحانات میں سوالات کی تعداد میں کمی کردی ہے
- **ELA** اور ریاضی دونوں امتحانات کے لیے امتحان کے سیشن کو تین دن کے بجائے دو دن تک کم کر دیا ہے اور سوالات کی تعداد میں مزید کمی کر دی ہے
- نیو یارک شہر کے اساتذہ کو امتحان کے لوازمات کو فروغ دینے میں شامل کر دیا ہے۔

اس قسم کے لوازمات کے اور امتحان میں سوالات کی تعداد کے بارے میں مزید سوالات کے لیے Engage NY **میں ان رہنمائیوں** کو دیکھیں۔

امتحانات کے نتائج جن کو ترقی یا داخلہ دینے کے لیے ایک واحد معیار کے طور پر استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔ تعلیمی سال کے دوران اسکول طلبا کی مشترکہ بنیادی تعلیمی معیارات کی جانب حصولیابی کی پیش رفت کی تشخیص کرتے ہیں۔ طلبا کی تشخیص گریڈز، رپورٹ کارڈز، طلبا کی تحریر کے نمونے، پراجیکٹس، مفوضہ کام اور طلبا کے کام پر مبنی دیگر کارکردگی جیسے متعدد معیارات کے ساتھ ساتھ ریاستی امتحانات کے اسکور کو استعمال کر کے جاتی ہے لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہے۔ ریاستی امتحان کے اسکور کو زیر غور لایا جا سکتا ہے، لیکن یہ ترقی دینے کے فیصلوں کے لیے اہم یا بڑا جز نہیں ہو سکتا ہے۔ طلبا کو محض ریاستی امتحان نہ لینے کی وجہ سے سزا نہیں دی جا سکتی یا ان اسی گریڈ میں روکا نہیں جا سکتا ہے۔

T&I-27701 (Urdu)

ترقی کی پالیسی، بشمول انگریزی زبان کے متعلمین اور انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) والے طلبا کی مزید معلومات کے لیے ذیل ملاحظہ کریں "کیا توقع کی جائے: ترقی اور گرمیوں کا اسکول"[1]

کچھ مڈل اور ہائی اسکولوں کے تعلیمی چھان بین پروگرام ہوتے جو اسکور کو داخلے کے متعد دائرہ کار میں سے ایک دائرہ کار کے طور پر استعمال کرتے ہیں جن کی وضاحت مڈل اسکول ڈائریکٹری [2] اور ہائی اسکول ڈائریکٹری[3] میں کی گئی ہے۔ امتحان کے اسکور کے بغیر طلبا ان پروگراموں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، اور اسکولوں کو امتحانی اسکور کی غیر موجودگی میں داخلے کے فیصلوں کو کس طرح کیا جائے اس بارے میں پالیسیوں کو فروغ دینے کی ہدایت دی جا چکی ہے۔ ہر ایک اسکول کی انفرادی پالیسیوں کے بارے میں جاننے کے لیے براہ کرم اسکول سے براہ راست رابطہ کریں، اگر آپ کو ایک اسکول سے داخلے کی پالیسی کے حصول میں دقت ہو رہی ہے تو براہ کرم اسکول کے خاندانی قیادت ربط دہندہ سے رابطہ کریں۔

مجھے فکر ہے میرا طالب علم کا استاد امتحان کی تعلیم دے گا۔ کیا میرے طالب علم کا استاد امتحان کے اسکور نتائج کے لیے سزا پائے گا؟

جی نہیں، ریاست نے استاد اور پرنسپل کی تشخیص کے لیے استعمال ہونے والے ریاستی امتحان کے نتائج کے متعلق تشویشات کا جواب دے دیا ہے۔ ریاستی قانون کے مطابق، ریاست کے 3-8 گریڈ **ELA** اور ریاضی امتحانات میں اساتذہ اور پرنسپلوں کی سالانہ پیشہ ورانہ جائزے کی درجہ بندی کے لیے استعمال نہیں کیے جائیں گے۔ عمدہ تعلیم کسی بھی تشخیص کی تیاری کرنے کا ہمیشہ سے بہترین طریقہ ہے۔

طالب علم کے لیے امتحان مکمل کرنے کے لیے کتنا وقت دیا جائے گا؟

امتحان کے لیے وقت کی حد نہیں۔

طلبا اپنی رفتار سے کام کریں گے تاکہ جو علم یہ رکھتے ہیں یہ اس کا بہتر مظاہرہ کر سکیں اور جب تک یہ ثمرآور انداز میں کام کر رہے ہیں ان کے پاس حسب ضرورت وقت ہو۔

امتحان کی تیاری کرنے کے لیے طالب علم کو کیا کرنے کی ضرورت ہے؟

امتحان سے قبل رات کو اپنے بچے کو رات ایک اچھی نیند کرنے میں مدد کریں؛ آرام کرنا اہم ہے۔

صبح کو اپنے بچے کی گھر پر یا اسکول میں ناشتہ کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ ناشتہ طلبا کو پورے دن کے دوران توانائی سے بھر پور رہنے میں مدد کرتا ہے۔ اپنے بچے کو بتائیں کہ آپ کو اس کی قابلیت پر اعتماد ہے۔

کیا والدین کے لیے کوئی شق موجود ہے کہ وہ اپنے بچوں کو ریاستی امتحانات میں شرکت نہ کرنے دیں یا متبادل تشخیص کی درخواست کریں؟

مخصوص پہلو جن میں والدینی رضامندی لازمی ہے، جیسے معذوری کے حامل بچوں کے لیے خاص تعلیم کی کمیٹی (CSE) تشخیصات اور وفاقی طلبا کے حقوق کی حفاظت کی ترمیم کے تحت مخصوص وفاقی سرمایہ شدہ سروے اور تجزیے کے علاوہ ریاستی قانون اور

---

[1] http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/64DAAB5A-BED4-4F9C-B9ED-396D6D87FC25/0/Acpolicypromoforfamilies.pdf

[2] http://schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/Middle/Resources/default.htm

[3] http://schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/High/Resources/default.htm

ضوابط میں ایسی کوئی شق نہیں جو والدین کو اپنے بچوں کو ریاستی امتحان میں شرکت نہ کرنے یا متبادل تشخیص کی گزارش کرنے کی اجازت دے۔ اگر والدین اپنے بچوں کو ریاستی امتحان سے خارج کروانے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو ان کو اپنے بچوں کے پرنسپل سے مشورہ کرنا چاہیئے۔ اگر، پرنسپل کے ساتھ مشاورت کرنے کے بعد بھی والدین اپنے بچے کو امتحان سے خارج کروانا چاہتے ہیں تو پرنسپل کو والدین کے فیصلے کا احترام کرنا چاہیئے اور ان کو یہ بتانا چاہیئے کہ اسکول امتحان کے دوران ان کے بچے کو ایک متبادل سرگرمی (مثلاً مطالعہ) فراہم کرنے کی بھر پور کوشش کرنے کا کام کرے گا۔ والدین اور پرنسپل کو اس گفتگو کا تحریری ریکارڈ رکھنا چاہیئے۔

والدین کو کب پتہ چلتا ہے کہ ان کے طالب علم نے امتحان میں کیسی کارکردگی دکھائی ہے؟

ماضی میں نیو یارک ریاست نے امتحانات کے اسکور کو موسم گرما میں جاری کیا ہے۔

ایک بار ریاست کے ذریعے نتائج کے شائع ہو جانے کے بعد، والدین NYC Schools Account کے ذریعے اپنے بچے کے اسکور کو دیکھ سکتے ہیں۔ ریاست انفرادی طالبانہ رپورٹ جاری کرتی ہے جو طالب علم کی کارکردگی کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرتی ہے۔ اہل خانہ ریاستی امتحان کے اسکور اور تعلیمی پیش رفت کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے اپنے بچے کے استاد یا پرنسپل سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

امتحان ہو جانے کے بعد والدین اپنے بچے کے امتحان کے کچھ حصوں کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ والدین اپنے بچے کے فنون انگریزی زبان کتابچہ (بُک) 2 اور ریاضی کتابچہ 2 کے تفصیلی جوابات والے سوالات کا جائزہ لینے کی درخواست کرنے کے لیے اسکول سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر طالب علم ایک ریاستی امتحان دینے سے انکا کرے تو کیا ہوگا؟

یہ اہم ہے کہ امتحان دینے کو ترجیح دی جائے۔ براہ کرم اپنے بچے کی مدد کرنے کی پوری کوشش کریں اور یہ یقینی بنائیں کہ امتحان کے دن یہ اسکول میں موجود ہوں۔

اگر طالب علم غیرحاضر ہوگا تو طالب علم کے پاس تلافی امتحان دینے کا موقع ہو گا۔ اگر طالب علم تلافی امتحان کے دوران بھی غیرحاضر ہوا تو طالب علم کے پاس امتحان دینے کے اضافی مواقع نہیں ہوں گے۔

امتحان میں شرکت نہ کرنے والے طلبا اسکور موصول نہیں کریں گے۔ امتحان کے کسی بھی حصے ایک یا زائد سوالات کے جواب دینے والے طلبا کو امتحان لینے والا تصور کیا جائے گا اور یہ اسکور موصول کریں گے۔

ریاستی اور وفاقی جوابدہی کے تقاضوں کے تحت نیو یارک ریاست محکمۂ تعلیم وقفہ جاتی تشخیصات اور کارکردگی کی بنیاد پر اسکولوں کو تعینات کرتا ہے۔ عام طور پر، ریاستی امتحان میں شرکت کرنے کی کم شرح رکھنے والے اسکولوں کا کم تر کارکردگی دکھانے والے اسکولوں میں شمار ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ کم تر کارکردگی دکھانے والے اسکول محکمۂ تعلیم یا ریاست کے ذریعے بہتری کے لیے اضافی امداد موصول کرنے کے موقوف پر ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ، جن اسکولوں کی ریاستی امتحانات میں شرکت 95% سے کم ہوتی ہےان سے ریاستی امتحانات میں شرکت کو بہتر بنانے منصوبہ بنانا مطلوب ہوتا ہے۔

ماضی میں جن اسکولوں نے اعلی حصولیابی یا مستحکم بہتری کے لیے ریاست سے اعزاز یافتہ تعیناتی پائی تھی یہ اسکول اپنے اسکول کے بہترین طریقوں کو (جیسے کہ ریاضی کی کلاس روم کی تعلیمات کے لیے مزید لوازمات خریدنے کے لیے) مزید بہتر بنانے کے لیے (50000 $ تک کا) سرمایہ موصول کرنے کے اہل تھے۔ اس تعیناتی اور اضافی سرمائے کے لیے اہل ہونے کے لیے، اسکول کو ریاستی امتحان میں کم سے کم 95% شرکت دکھانے کی ضرورت گی۔